ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(229)

مورخہ 25.04.24

**بہاول پور(     )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں 21 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ 02یوم میں پولیس نے مختلف کاروائیوں میں 21 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا، تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے 02ملزمان   شراب فروش عطاء اللہ اور عمران کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 55 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ سمہ سٹہ، مسافر خانہ، سٹی احمد پور شرقیہ، دھوڑ کوٹ، ہیڈ راجکاں اور ڈیرا نواب صاحب پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 07 ملزمان نعیم، صفدر، محمد حسین، عامر بشیر، فیاض، سجاد اور تنویر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 5640 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ عباسنگر، سٹی احمد پور شرقیہ، چنی گوٹھ، سٹی یزمان، ڈراور، سول لائنز ہیڈ راجکاں اور خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 12 ملزمان اعجاز، وحید، شاہد، عامر، مظہر، اختر، محمد عمر، زاہد عباس، طاہر، فضل کریم، رحمان اور آصف کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 09 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد ریوالور 32 بور، 01 عدد ریپٹر 12 بور, اور 01 عدد آہنی خنجر برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ 02روز کی مختلف کارروائیوں میں 21 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (228)

25.04.24

**بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 25 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ برآمدگی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے،غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 25 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کو حکم دیا کہ کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں حاضر آ کر مقدمات کی پراگرس کے متعلق بریف کریں، ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسونہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے،سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں تا کہ وہ سفر کی علت سے بچ جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**





بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کررہے ہیں